
# 15

# آؤ بنائیں برتن

4312CH15

ایک تھی چڑیا، نام تھا پھدگدی۔ ایک تھا کوّا، نام تھا بھناتے۔ دونوں میں گہری دوستی تھی۔ ایک دن بھناتے نے کہا، ارے او پھدگدی! اگر تو نے انڈے دیے تو میں کھاؤں گا اور اگر میں نے پہلے انڈے دیے تو تو کھا لینا۔ منظور؟



پھدگدی راضی ہوگئی۔

کچھ دن بعد پھدگدی نے انڈا دیا۔ بھناتے بولا، دے دے انڈا، کھاؤں گا انڈا، دے دے، دے دے، دے دے۔

پھدگدی ڈر گئی ۔ بولی، بھائی ٹھیک ہے، پر پہلے چونچ دھو آؤ ندی میں۔

بھناتے ندی کے کنارے گیا اور بولا، اے ندی!

ندی بولی، کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا– اے ندی، پانی دے دے۔

ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھو کر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا۔

ندی بولی۔ پانی بھرے گا کیسے؟ برتن تو لاؤ۔

بھناتے کمہار کے پاس گیا اور بولا– اے کمہار!



کمہار بولا – کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا ۔ مجھے ایک برتن دے دے

برتن لے کر جاؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھوکر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا۔



کمہار بولا۔ برتن بنے کیسے؟ پہلے لا مٹی کھدان سے۔

بھناتے مٹی کی کھدان پر گیا اور بولا، اے مٹی کھدان!

مٹی کھدان بولا – کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا – مٹی کھدان مجھے مٹی دے دے۔

مٹی لے کر جاؤں گا،
برتن میں بنواؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھوکر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا،



مٹی کھدان بولا – مٹی کیسے کھودیں؟ پہلے لوہار سے کھرپی لے کر آؤ۔



بھناتے لوہار کے پاس گیا۔ بولا – اے لوہار!

لوہار بولا ۔ کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا ۔ لوہار، مجھے ایک کھرپی دے دو۔

کھرپی لے کر جاؤں گا،
مٹی میں کھدواؤں گا،
برتن میں بنواؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھوکر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا۔



لوہار بولا۔ لے لے کھرپی پیار سے، پر لانا واپس یاد سے۔

کھرپی لے کر بھناتے کھدان پر گیا۔ چکنی مٹی کھودی اور کمہار کو دی۔ کمہار نے برتن بنایا۔ کوّے نے اس میں پانی بھرا اور اپنی چونچ دھو لی۔ پھر دوڑ لگائی پھدگدی کا انڈا کھانے۔

اس بیچ پھدگدی چڑیا کا انڈا پھوڑ کر چوزہ باہر آ گیا تھا اور بچہ پھُر ہو گیا تھا۔ بھناتے کوّے کی پہنچ سے بہت دور!



(انبّو رنا سنہا کی بھوجپوری کہانی کا اُردو ترجمہ)

اس کہانی پر ڈرامہ کرنے سے بچوں کو بہت لطف آئے گا اور کاموں کی ترتیب سمجھنے میں بھی مدد ملے گی۔ بچوں کو تخلیقی اظہار کے مواقع ملیں گے۔ طلبہ کو ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیں۔

© NCERT not to be republished

* کوّے کو برتن کی ضرورت کیوں پڑی؟

* برتن بنانے میں کن کن لوگوں نے کوّے کی مدد کی؟

* برتن بنانے کے لیے کمہار کو کس کس سامان کی ضرورت پڑی؟

* کیا تمہارے گھر میں مٹی کے برتن ہیں؟ کون کون سے؟

اگر تمہیں کوئی چکنی مٹی دے تو کیا تم کوئی برتن بنا پاؤ گے؟




## مٹّی کا گولا، گولے سے کٹوری!

چکنی مٹی کو گوندھ کر ایک بڑا سا گولا بناؤ، اس گولے کے بیچ میں دبا کر گڈھا بناتے ہوئے اسے کٹوری جیسا بناؤ۔ اپنی کٹوری کو سکھا کر اُسے سجاؤ۔ اب اپنے شوق کی چیزیں اس میں رکھو۔

© NCERT not to be republished

## * مٹی کا سانپ، سانپ سے برتن




چکنی مٹی کو پانی سے گوندھ لو۔ تھوڑی مٹی کو پانی میں گھول کر الگ رکھ لو۔ یہ گھول مٹی کے دو ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنے کے کام آئے گا۔

گندھی ہوئی مٹی کا کچھ حصہ بیل کر اسے موٹی روٹی کی طرح چپٹا کرلو۔ یہ برتن کا تلا بن گیا، باقی گندھی ہوئی مٹی کو سانپ جیسا لمبا بنالو۔

تصویر میں دیکھو اور اسی طرح سانپ کو تلے پر چپکا کر برتن بناؤ۔

## * مٹی کی روٹی، روٹی سے برتن



تصویر کو دیکھ کر اس طرح سے برتن بناؤ۔



* اگر ان برتنوں میں پانی ڈال کر رات بھر رکھو تو کیا ہوگا؟
* ہم اپنے گھر یا اسکول میں مٹکے میں پانی رکھتے ہیں۔ وہ مٹکا پانی سے گل کیوں نہیں جاتا؟
* کیا تم نے کبھی اینٹ یا برتنوں کو بھٹی میں پکاتے دیکھا ہے؟

مٹی سے برتن بناتے ہوئے بچوں کے کپڑے تو ضرور گندے ہوں گے مگر بچوں کو 'خود کر کے سیکھنے' میں لطف آئے گا اور خوشی ہوگی۔

© NCERT not to be republished



* سوچو کہ بہت بہت زمانہ پہلے جب برتن نہیں تھے، تب لوگ کیا کرتے تھے؟
* لوگوں نے برتن کیوں بنائے ہوں گے؟



مان لو، ایک دن دنیا سے سارے برتن غائب ہو جائیں، تو تمہارے گھر میں کیا ہوگا؟

© NCERT not to be republished

## جانتے ہو؟

بہت، بہت، بہت سال پہلے ایک وقت ایسا تھا جب لوگوں کے پاس برتن نہیں تھے۔ لوگوں کو کھانے پینے کی چیزوں کو پکانے اور رکھنے کے لیے برتن کی ضرورت محسوس ہونے لگی۔ کافی کوشش کرنے اور دماغ پر زور دینے کے بعد لوگ برتن بنانا سیکھ گئے۔ شروع میں پتھر اور مٹی سے برتن بنائے جاتے تھے۔ ہاتھوں سے پتھروں کو کھود کر یا کرید کر اور مٹی کو گوندھ کر یہ برتن بنائے گئے تھے۔ لوگوں نے یہ بھی دریافت کرلیا کہ مٹی کے برتنوں کو مضبوط بنانے کے لیے اُنھیں آگ میں پکانا چاہیے۔